SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 22, 2022

## ایس ای سی پی نے اپیلٹ بنچ میں زیر التواء اپیلوں کو جلد نمٹانے کے لئے بنچ تشکیل

اسلام آباد، 22 دسمبر: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے، وفاقی حکومت کی جانب سے تین نئے کمشنروں کی تعیناتی کے بعد، کمیشن مکمل ہوتے ہی، اپیلٹ بنچ میں اپیلوں کی سماعت کے لئے بنچ تشکیل دیئے ہیں۔

واضح رہے کہ گزشتہ ایک سال سے صرف ایس ای سی پی صرف دو کمشنروں کے ساتھ کام کر رہا تھا، جس کے نتیجے میں اپیلٹ بینچ میں زیر التوا اپیلوں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے تین نئے کمشنرز کی تقرری کے بعد کمیشن کا کورم مکمل ہو چکا ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے فوری طور پر ہی ایس ای سی پی ایکٹ 1997 کے سیکشن 33 کے تحت اپیلوں کی سماعت کے لیے نئے بنچز کی تشکیل کی منظوری دی ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے اس بات پر زور دیا کہ اپیلوں سمیت دیگر کارپوریٹ تنازعات کو حل کرنا کمیشن کی اولین ترجیح ہے۔اس سلسلے میں اپیلٹ بینچ رجسٹری کو مناسب وسائل بھی مہیا کیے جائیں گے۔ رجسٹرار اپیلٹ بینچ نے فوری طور پر 37 اپیلوں کی سماعت کے لئے نئے تعینات ہونے والے کمشنروں، جناب عبدالرحمٰن وڑائچ اور جناب مجتبیٰ احمد لودھی پر مشتمل بنچ تشکیل دے دیا ہے جو کہ دسمبر 29 کو اپیلوں کی سماعت کرے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005